علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

(شعبہ ارلی چائلڈ ھڈ ایجوکیشن اینڈ ایلیمنٹری ٹیچر ایجوکیشن)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:

1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

مشقیں جمع کرانے کا اوقات نامہ

6 کریڈٹ آورز کورس	مقررہ تاریخ	3 کریڈٹ آورز کورس	مقررہ تاریخ
مشق نمبر 1	10-06-2026	--	--
مشق نمبر 2	06-07-2026	مشق نمبر 1	06-07-2026
مشق نمبر 3	31-07-2026	--	--
مشق نمبر 4	20-08-2026	مشق نمبر 2	20-08-2026
نوٹ: ٹیوٹوریل شیڈول (رہنمائے طلبہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk پر موجود ہے			

کورس: علم التعلیم (215) سمسٹر: بہار، 2026

سطح: میٹرک

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

(ہدایات برائے میٹرک، ایف اے، بی اے پروگرامز)

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

4- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

5- غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر100 — امتحانی مشق نمبر1 — کامیابی کے نمبر:40

(یونٹ:1تا3)

سوال نمبر1 تعلیم کی جامع تعریف تحریر کریں اور مختلف مفکرین کی آراء کی روشنی میں واضح کریں کہ تعلیم ایک ہمہ جہتی عمل کیوں کہلاتی ہے؟ (20)

سوال نمبر2 اسلامی تصورِ تعلیم کی وضاحت کریں اور اسلامی تعلیم کا جدید تعلیمی نظام سے تقابلی جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر3 تعلیم کی اقسام (رسمی، غیر رسمی اور غیر تدریجی) بیان کریں۔ ہر قسم کی خصوصیات اور ان کی افادیت عملی مثالوں کے ذریعے واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر4 تعلیم کی انفرادی اور معاشرتی اہمیت پر تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔ وضاحت کریں کہ تعلیم کس طرح فرد کی شخصیت سازی اور معاشرتی ترقی میں کردار ادا کرتی ہے؟ (20)

سوال نمبر5 تعلیم اور تربیت کے باہمی تعلق پر بحث کریں۔ واضح کریں کہ صرف معلومات کی فراہمی تعلیم کیوں نہیں کہلاتی بلکہ تربیت اس کا لازمی جزو کیوں ہے؟ (20)

کل نمبر100 — امتحانی مشق نمبر2 — کامیابی کے نمبر:40

(یونٹ:4تا6)

سوال نمبر1 غیر رسمی تعلیم کی تعریف کریں۔ وضاحت کریں کہ غیر رسمی تعلیم بچوں اور بڑوں کی تعلیمی ضروریات پوری کرنے میں کس طرح مؤثر کردار ادا کرتی ہے؟ (20)

سوال نمبر2 ریڈیو، ٹیلی وژن اور پرنٹ میڈیا بچوں کی تعلیم و تربیت میں کیا کردار ادا کرتے ہیں؟ مثالوں کی مدد سے میڈیا کے مثبت اور منفی اثرات کا تجزیہ کریں۔ (20)

سوال نمبر3 معاشرہ کسے کہتے ہیں؟ معاشرتی ساخت کے بنیادی عناصر بیان کریں اور روزمرہ زندگی سے مثالیں پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر4 بچوں کی نفسیاتی اور معاشرتی ضروریات کیا ہیں؟ ان ضروریات کی تکمیل میں خاندان، اسکول اور معاشرے کے کردار پر تفصیلی بحث کریں۔ (20)

سوال نمبر5 بچوں کی مؤثر جسمانی نشوونما کے لیے کن بنیادی تقاضوں کا پورا ہونا ضروری ہے؟ گھر اور اسکول کے کردار کی وضاحت کریں۔ (20)

کل نمبر100 — امتحانی مشق نمبر3 — کامیابی کے نمبر:40

(یونٹ:7تا9)

سوال نمبر1 بچوں کو درپیش عام نفسیاتی مسائل کی نشاندہی کریں۔ ان مسائل کے اسباب اور ممکنہ اثرات پر روشنی ڈالیں۔ (20)

سوال نمبر2 بچوں کے نفسیاتی مسائل کے حل میں اساتذہ اور والدین کا کردار واضح کریں۔ عملی مثالوں کی مدد سے وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر3 تعلم (Learning) کی تعریف کریں۔ جدید نظریاتِ تعلم کی روشنی میں وضاحت کریں کہ تعلم بچوں کے رویّوں اور عادات میں کس طرح تبدیلی پیدا کرتا ہے؟ (20)

سوال نمبر4 بچوں کو درپیش تعلیمی مسائل کیا ہیں؟ ان مسائل کے حل کے لیے اسکول اور گھر کی سطح پر اختیار کیے جانے والے اقدامات بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر5 بچوں کی ہمہ جہتی نشوونما میں رہنمائی (Guidance) کی اہمیت پر بحث کریں۔ وضاحت کریں کہ مؤثر رہنمائی تعلیمی اور نفسیاتی مسائل کے حل میں کیسے مددگار ثابت ہوتی ہے؟ (20)

کل نمبر100 — امتحانی مشق نمبر4 — کامیابی کے نمبر:40

(یونٹ:10تا12)

سوال نمبر1 تدریس کے مفہوم کی وضاحت کریں۔ جدید دور کے تقاضوں کے مطابق مؤثر تدریس کی خصوصیات بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر2 جدید طریقہ ہائے تدریس سے کیا مراد ہے؟ کسی تین جدید تدریسی طریقوں کی وضاحت کریں اور ان کی افادیت بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر3 نصاب کی تعریف کریں۔ جدید تعلیمی تصورات کی روشنی میں پرائمری سطح کے نصاب میں بہتری کے لیے تجاویز پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر4 سبقی خاکہ (Lesson Plan) سے کیا مراد ہے؟ پرائمری سطح کے کسی ایک مضمون کے لیے مکمل سبقی خاکہ تیار کریں۔ (20)

سوال نمبر5 پرائمری سطح پر اردو زبان کی تدریس کے اغراض و مقاصد بیان کریں۔ اردو زبان کی تدریس کے لیے مناسب ہم نصابی سرگرمیوں کی مثالیں دیں۔ (20)